منظوری کوئی معنی نہیں رکھتی اب قرین قیاس یہی ہے کہ اگلے دو ہفتوں میں امریکہ عراق پر حملہ کردے گا یہ حملہ اور جارحیت اقوام متحدہ، سلامتی کونسل اور پوری دنیا کے منہ پر اک طمانچہ ہوگا دیکھتے ہیں کہ اس شور قیامت کے بعد کون سا بھونچال آنے والا ہے ؟

آگ ہے اولاد ابراہیم ہے نمرود ہے
پھر کسی کو پھر کسی کا امتحان مقصود ہے

حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کی سینیٹ الیکشن (ایوان بالا) میں کامیابی

الحمدللہ حسب روایت اللہ تعالیٰ نے مہتمم دارالعلوم حقانیہ و امیر جمعیت علماء اسلام حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کو تیسری بار سینیٹ کے حالیہ الیکشن میں بھرپور کامیابی سے نوازا ہے۔ حضرت مولانا مدظلہ کی ماضی میں بھی ساری سیاسی جدوجہد اور پارلیمانی زندگی مسلسل غلبہ اسلام کے احیاء اور اعلائے کلمۃ حق کے لئے گزری ہے اور موجودہ نازک عالمی صورتحال اور ملکی دگرگوں حالات میں تو پاکستانی پارلیمنٹ کو آپ جیسے مخلص محبّ وطن اور منجھے ہوئے پارلیمنٹیرین کی اور بھی اشد ضرورت تھی، الحمدللہ قومی اسمبلی میں تو متحدہ مجلس عمل کے سرکردہ قائدین اور ممبران پہلے ہی سے کافی تعداد میں موجود تھے اور اسمبلی میں باطل قوتوں کے لئے سوہانِ روح بنے ہوئے ہیں لیکن ایوان بالا (سینیٹ) کا مورچہ خالی تھا سینیٹ کے حالیہ الیکشن میں حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ اور حضرت مولانا شاہ احمد نورانی صاحب مدظلہ اور دیگر علماء کی کامیابی نے اس خلاء کو بھی پورا کردیا اور ملک کی تاریخ میں پہلی مرتبہ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں علماء کی اچھی خاصی تعداد پہنچ گئی ہے۔ انشاءاللہ العزیز منتخب شدہ علماء کرام کی یہ اکثریت ملک وملت اور قوم کو مایوس نہیں کرے گی اور حسب سابق اپنے پیش رو اکابرین کے اسمبلی میں جدوجہد کے تسلسل کو برقرار رکھیں گے۔ ادارہ ان تمام منتخب شدہ علماء کرام سینیٹرز کو مبارکباد پیش کرتا ہے اور اس کے ساتھ ادارہ ان تمام مخلصین اور حلقہ احباب کا شکریہ ادا کرتا ہے جنہوں نے یہاں خود تشریف لاکر یا بذریعہ فون یا خطوط کے ذریعے مبارکباد اور نیک تمناؤں کے پیغامات حضرت مہتمم صاحب مدظلہ اور ادارہ کو بھیجے۔